29/01/2026

07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبر نامہ لے کر مینبلال وانی

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز

کے منتر پر عمل پیرا ہو کر Reform , Perform and Transform * ........ بھارت ترقی کے ایک نئے راستے پر گامزن // وزیر اعظم نریندر مودی۔

*........ وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن کی طرف سے لوک سبھا میں سال 2025-26 کا اقتصادی سروے پیش ۔

*........ رول بال ورلڈ کپ میں بھارت کی نمائندگی کرنے والے کھلاڑیوں کی ایل جی منوج سنہا کے ساتھ ملاقات۔

اور

*........وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جمونو کشمیر میں کار خانہ داری ، اختراعیت اور سٹارٹ اپ کا ایک بہترین مرکز بنانے کا دہرایا عزم۔

مودی

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک اب مسائل کو عبور کرتے ہوئے ترقی کے ایک نئے سفر پر گامزن ہے ۔ انہوں نے کہا کہ Reform , Perform and Transform کا منتر حکومت کا خاصا بن چکا ہے ۔ بجٹ سیشن کے دوسرے دن آج پارلیمنٹ ہاوس کمپلیکس نئی دلی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت اس بات کو یقینی بنا رہی ہے کہ فلاحی سکیموں کے فوائد ہر ایک شخص تک پہنچ سکیں ۔

انہوں نے مزید کہا کہ اگلے 25 برس وکست بھارت کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے میں کلیدی اہمیت رکھتے ہیں ۔ انہوں نے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں سے کل صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے خطاب کو ملک کے 140 کروڑ عوام کے جذبات کی عکاس قرار دیا ۔

سیتا رمن

مالی سال 2026 میں ملک کی حقیقی GDP کا نشو و نما کا سات اعشاریہ چار فیصد میں تخمینہ لگایا گیا ہے، جبکہ مالی سال 2027 میں چھ اعشاریہ آٹھ سے سات اعشاریہ دو فیصد کے درمیان ترقی کا امکان ہے۔ یہ بات آج مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن کی جانب سے پارلیمنٹ میں پیش کئے گئے اقتصادی جائزے میں کہی گئی ہے۔ اقتصادی جائزے کے مطابق بھارتی معیشت نے مالی سال 2026میں مضبوط ترقی کی نشو و نما کا تخمینہ GDP رفتار برقرار رکھی ہے۔ سات اعشاریہ چار فیصد کی حقیقی زیادہ تر گھریلو مانگ کی وجہ سے لگایا گیا ہے۔

LG

Suvidha لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے آج بین الاقوامی رول بال کھلاڑی کے ساتھ بات چیت کی۔ ان دونوں کھلاڑیوں نے دبئی Hiteshwar SinghاورSarin میں منعقد ہوئے ساتویں رول بال ورلڈ کپ میں بھارت کی نمائندگی کی۔

لیفٹننٹ گورنر نے بین الاقوامی کھیل مقابلے میں جموں و کشمیر سے تعلق رکھنے والے ان کھلاڑیوں کی کارکردگی کی سراہنا کرتے ہوئے انہیں مبارکباد دی۔

ملاقات

ہندو ایجوکیشن سو سائٹی کشمیر کے صدر پروفیسر بی ایل زُتشی نے آج جموں میں لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی۔ ریڈیو شاردھا کے منیجنگ ڈائریکٹر رمیش ہانگلو بھی ان کے ہمراہ تھے۔

وزیر اعلیٰ

کیمپس بڑی برہمنہ جموں میں سالانہ سٹارٹ اپ  JKEDIوزیر اعلیٰ عمرعبداللہ نے آج میلے کا افتتاح کیا۔ انہوننے وہاں لگا ئے گئے نمائش کا معائنہ کیا اور نوجوان اختراع کاروں کے ساتھ بات چیت کی۔

اس موقعے پر وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت جمونو کشمیر سٹارٹ اپ پالیسی2024-27کے تحت کارخانہ داری اور اختراعیت کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ جمونو کشمیر کو سٹار ٹ اپ کے اہم مرکز کے طور پر ترقی دینے کی وعدہ بند ہے۔

-----CM-----

اس موقعے پر وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی اور وجے پور حلقے کے اسمبلی ممبر چندر پرکاش گنگا بھی موجود تھے۔

افتتاحCM

صلاحیت والے ریسیونگ سٹیشن  MVA اسی دوران وزیر اعلیٰ نے آج سانبہ میندس اور ضلعے کے ٹھنڈی کھوئی علاقے میں ساڑھے18کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کئے گئے بس اسٹینڈ کا افتتاح کیا۔

عمر

کے ساتھ  Dhami وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اُتراکھنڈ کے وزیر اعلیٰ پُشکر سنگھ بات کی اور ان کے ساتھ اتراکھنڈ میں کشمیر کے ایک نوجوان شال بیچنے والے کو ایک حملے میں انہیں شدید زخمی کئے جانے کا معاملہ اٹھایا ۔

عمر عبداللہ نے ان پر زور دیا کہ وہ قصورواروں کے خلاف سخت کاروائی کریں ۔ درج  FIR اُتراکھنڈ کے وزیر اعلیٰ نے عمر عبداللہ کو یقین دلایا کہ اس معاملے میں کرانے کے ساتھ ساتھ دیگر سخت کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور اتراکھنڈ میں جموں کشمیر کے لوگوں کی سلامتی کو ہر صورت میں ممکن بنایا جائے گا ۔

التجا مفتی

پی ڈی پی لیڈر التجا مفتی نے ایک کشمیری نوجوان شال بیچنے والے پر اُترا کھنڈ میں ہوئے حملے پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔

انہوننے کہا کہ ان حملوں میں ملوث افراد کے خلاف بقول ان کے کوئی خاص کاروائی نہیں کی جا تی ہے۔ انہوننے اُترا کھنڈ کے وزیر اعلیٰ سے اپیل کی ہے کہ وہ اس ضمن میں لازمی کارروائی کریں۔

## نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے آج سیول سیکریٹریٹ سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران وادی میں حالیہ برفباری سے پیدا شدہ صورتحال اور خطے میں لازمی خدمات کی دستیابی کا جائزہ لیا۔

اس موقعے پر ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے سڑکوں پر سے برف ہٹانے اور متاثرہ علاقوں میں لازمی خدمات کی بحالی کے اقدامات کا خاکہ پیش کیا۔ نائب وزیر اعلیٰ نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ ضرورت کی اس گھڑی میں لوگوں کی راحت رسانی کرنے کے تیار رہیں اور بنیادی سہولیات کی دستیابی کو یقینی بنائیں۔

## سکینہ ایتو

جمونو کشمیر حکومت نے جموں صوبے کے ثمر زون سالانہ ریگولر امتحانات میں شامل ہونے والے دسویں، گیارویں اور بارہویں جماعت کے طلباءکےلئے سیلبس میں15فیصد رعایت دینے کا اعلان کیا ہے۔

وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے کہا کہ یہ فیصلہ صوبے میں پچھلے برس ناسازگار موسمی صورتحال اور سرحدوں پر تناؤ کے تناظر میں لیا گیا ہے۔

## سپیکر

قانون ساز اسمبلی کے سپیکر عبد الرحیم راتھر نے ابھینو تھیٹر جموں میں منعقدہ آل انڈیا اردو مشاعرے میں شرکت کی ۔ اس موقعہ پر انہوں نے کہا کہ اس طرح کے مشاعروں سے آپسی رواداری اور ثقافتی یکجہتی کو بر قرار رکھنے میں مدد ملنے کے ساتھ ساتھ دوسرے لوگوں کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے ۔

## ڈلو

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے تمام ما تحت محکموں اور متعلقین پر زور دیا ہے کہ وہ سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا 2026 کے لئے تمام انتظامات پہلے سے ہی مکمل کریں ۔ جموں میں شری امر ناتھ جی شرائن بورڈ کی اعلیٰ سطح کمیٹی کی 15 ویں میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے گاندربل اور اننت ناگ کے ضلع ترقیاتی کمشنروں سے کہا کہ وہ آفات والے علاقوں کی نشاندہی کر کے اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان علاقوں میں ٹینٹ کا بنیادی ڈھانچہ کھڑا نہ کیا جائے ۔

## چیف سیکریٹری

اس دوران چیف سیکریٹری نے آج جموں میں سٹیٹ براڈ بینڈ کمیٹی کی دسویں میٹنگ کے دوران ٹیلی کام سیکٹر میں عملائے جارہے کئی پروجیکٹوں کا جائزہ لیا۔

## چیف جسٹس

جمونو کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس، جسٹس ارون پلی جو جمونو کشمیر لیگل سروسز اتھارٹی کے سرپرست اعلیٰ بھی ہیں ، نے آج جموں میں عدلیہ کے کئی جج صاحبان اور دیگر شخصیات کی موجودگی میں جمونو کشمیر لیگل سروسز اتھارٹی کی سرگرمیوں پر مشتمل وال کلینڈر2026 جا ری کیا۔

## پریمئر کرکٹ

لیگل پریمئر کرکٹ T 20 جموں کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کی کرکٹ ٹیم نے آل انڈیا لیگ میں ایک بار پھر غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کرکے خود کو صف اول کی مضبوط ٹیموں کی فہرست میں برقرار رکھا ہے۔2017میں اپنے سفر کے آغاز سے اب تک یہ ٹیم چار مرتبہ فائنل تک رسائی حاصل کر چکی ہے، جن میں حیدر آباد میں 12سے18جنوری تک حیدر آباد میں منعقد ہونے والا2026 کا ایڈیشن بھی شامل ہے۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر  DTH اور AIR خبر ینآپ آکاشو انی کے موبا ئیل اپلیکشن نیوز آن سکتے ہیں۔

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منزلیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس پر بھیج سکتے ہیں ۔ Radiokashmir@gmail.com

IICT

انڈین انسٹیچوٹ آف کارپیٹ ٹیکنالوجی سرینگر وادی میں قالین بافی کی صنعت کو سکیم کے تحت  160 SAMARTH جدید کاری سے ہمکنار کرانے کی غرض سے امیدواروں کو سکل اَپگریڈیشن تربیت دے رہا ہے ۔ اس مقصد کے لئے سینٹرل سِلک سرینگر کے ڈائریکٹر  IICT بورڈ نے 21 لاکھ 16 ہزار روپے کی رقم منظور کی ہے ۔ سکیم کی بدولت وادی میں قالین بافی کی صنعت  SAMARTH زُبیر احمد نے کہا کہ کو بڑے پیمانے پر دوام حاصل ہو گا ۔

ٹریفکSSP

سرینگر میں ٹریفک نظام نے مزید معقولیت لانے اور ٹریفک قوانین پر عمل در آمد کو یقینی بنانے کےلئے ٹریفک پولیس کی کارروائیاں جا ری ہیں۔ اس سلسلے میں ایس ایس پی ٹریفک سرینگر اعجاز احمد بٹ نے کہا۔

ACB

جموں کے سابق منیجنگ ڈائریکٹر آر کے SICOP اینٹی کورپشن بیورو جموں نے رازدان، ادارے کے موجودہ ڈپٹی جنرل منیجر کُنال چودھری اور چند دیگر افراد کے

میں غیر قانونی SICOP خلاف با ضابطہ کیس درج کیا ہے۔ یہ کیس کُنال چودھری کی اور انہیں ترقی دینے کے معاملے کے تعلق درج کیا گیا ہے۔Regularizationتقرری،

کشمیر پولیس

پولیس نے بارہمولہ ضلعے کے مختلف مقامات پر 30اوٹ ریچ پروگرام منعقد کئے گئے جس دوران پولیس افسروں نے مقامی لوگوں کے مسائل اور مطالبات سنے۔ پولیس نے لوگوں کو پولیسنگ کے مختلف پہلوؤں سے بھی روشناس کرایا۔

پولیس نے چرسو اونتی پورہ میں ملہ پورہ گھاٹ ٹوکنہ چرسو کے غلام محی الدین شاخساز نامی ڈرگ سمگلر کو گرفتار کر کے اسکے قبضے سے کچھ نشیلی اشیاءبر آمد کی ہے۔

بڈگام پولیس

پولیس کے اہتمام سے بڈگام اور اونتی پورہ میں آج تھانہ دِوس کے سلسلے میں تقریبات منعقد ہوئیں جن میں عام لوگوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔

تھانہ دِوس تقریبات کا مقصد پولیس اور عوام کے درمیان روابت کو مزید مضبوط بنانا تھا۔

جموں

ادھمپور کے رہنے والے ارون چودھری نامی ایک ڈرگ  Krowa اُدھمپور پولیس نے سمگلر کی 35 لاکھ روپے مالیت کی جائیداد کو منسلک کر دیا ہے ۔

پولیس نے نگروٹہ علاقے میں جگتی مائگرنٹ کالونی کے وِشال کول نامی ڈرگ سمگلر کو کچھ نشیلی اشیاءسمیت گرفتار کیا ہے ۔

ڈوڈہ سندیپ مہتا کی صدارت میں ڈوڈہ منعقدہ ایک میٹنگ کے دوران ضلعے  SSP کے مجموعی سلامتی منظر نامے کا جائزہ لیا گیا ۔ علاوہ ازیں جرائم پر قابو پانے سے متعلق امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا ۔

**مطالبہ**

عوامی حلقوں نے منشیات کے کاروبار کے خلاف پولیس، نارکوٹِکس بیورو اور دیگر متعلقہ ایجنسیوں کی کارروائیوں کی سراہنا کی ہے۔ تاہم لوگوں نے مطالبہ کیا ہے کہ ڈرگ سمگلروں کے نیٹ ورک کو ختم کرنے کےلئے عوامی اہمیت کے مقامات خصوصاً تعلیمی اداروں ، پبلک پارکوں ، تفریحی مقامات ، اسپتالوں ، چھوٹی بڑی گاڑیوں کے سٹینڈس ، چوراہوں وغیرہ پر تلاشی کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جانی چاہئے۔

**ہماری ذمہ داری**

سماج میں خوشحالی اور لوگوں کے درمیان یکسانیت کو یقینی بنانے کےلئے ضرورت مند افراد کی مدد کرنا انسانیت کا تقاضا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

کسی بھی سماج کا آسودہ حال طبقہ اس ضمن میں ایک مثبت اور ٹھوس رول ادا کر سکتا ہے۔اس بارے میں ایک قلمکار دلدار اشرف نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

**NC**

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ ان کے پارٹی محض ایک سیاسی جماعت نہیں بلکہ یہ جموں کشمیر کی تاریخ کا ایک روشن باب ہے ۔ وہ آج جموں صوبے کے مختلف علاقوں سے آئے ہوئے پارٹی کارکنوں اور عوامی وفود سے خطاب کر رہے تھے ۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت عوام کی راحت رسانی کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے ۔

دریں اثناءانہوں نے نشاط کے ایک معروف تاجر منظور احمد وانی کے انتقال پر دکھ کا اظہار کیا ہے ۔

**اشوک کول**

**بی جے پی جموںو کشمیر کی طرف سے آج بانڈی پورہ میں VB-G RAM G سے متعلق ایک ورکشاپ انعقاد کیا گیا۔**

**پارٹی کے جنرل سیکریٹری آرگنائزیشن اشوک کول نے ورکشاپ سے خطاب کر تے ہوئے اس نئے ایکٹ کی خصوصیات کو اُجاگر کیا۔ بعد میں ایک میٹنگ کے دوران تنظیمی سرگرمیوں کا بھی جائزہ لیا۔**

**بھاجپانامہ**

**بی جے پی جموںو کشمیر نے پارلیمنٹ میں یکم فروری کو مرکزی بجٹ پیش کئے جانے کے تعلق سے عوام بیداری مہم کا آغاز کیاہے۔**

**اس دوران پارٹی کے سینئر لیڈر سکھ نندن چودھری نے زرعی اصلاحات ایکٹ کے دفعہ6اور دفعہ12کو منسوخ کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔**

**پارٹی کے سٹیٹ سیکریٹری پون شرما نے عمر عبداللہ سرکار پر لوگوں کے ساتھ کئے گئے وعدوں کو فراموش کرنے کا الزام عائد کیا ہے۔**

**بی جے پی جموں وکشمیر کے صدر اور پارلیمنٹ ست شرما، جنرل سیکریٹری آرگنائزیشن اشوک کول اور دیگر لیڈروں نے پارٹی کے ضلع صدر شوپیان راجہ وسیم کے دا دا عبدالغفار لون کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔**

**شاہین**

**جنتا دل یونائٹیڈ جموںو کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے جموں اور کشمیر صوبوں میں بقول ان کے بجلی کی ابتر ہو رہی صورتحال پر تشویش کا اظہار کر تے ہوئے کہا ہے کہ آئے دن بجلی کٹوتی سے عام لوگوں کو دقتوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔**

**انہوںنے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اس ضمن میں خاطر خواہ اقدامات کریں۔**

## IGNOU

اِندھرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی نے سال 2026 کے لئے B.Sc Fabric and Apparel Design Programme نام کا ایک چار سالہ انڈر گریجویٹ کورس شروع کیا ہے ۔ خواہشمند امیدوار آن لائن موڈ کے ذریعے سے اس کورس کے لئے Apply کر سکتے ہیں ۔

## Retreat

BeatingRetreat تقریب آج نئی دلی کے وجے چوک پر منعقد ہو رہی ہے ۔اس کے ساتھ ہی 77 ویں یوم جمہوریہ تقریبات اختتام پذیر ہو جائیں گی۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر سی پی رادھا کرشنن، وزیر اعظم نریندر مودی، وزیر دفا ع راجناتھ سنگھ اور دیگر کابینی وزراء اس میں شامل ہوں گے۔

وزیر اعظم مودی نے آج سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر کہا کہ BeatingRetreat تقریب، یوم جمہوریہ تقریبات کے اختتام کی علامت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پورا ملک مسلح افواج پر فخر کرتا ہے، جو ملک کے دفاع کیلئے اپنی پوری زندگی وقف کر دیتے ہیں۔

## PMAY

مرکزی حکومت نے کہا ہے کہ ملک میں پردھان منتری آواس یوجنا کے شروع ہونے سے لے کر اب تک ایک کروڑ 64 لاکھ سے زائد مکان منظور کئے گئے ہیں ۔ Tokhan Sahu نے لوک یہ جانکاری آج مکانات اور شہری امور کے وزیر مملکت سبھا میں ایک ضمنی سوال کا جواب دیتے ہوئے دی ۔

## موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت8اعشاریہ8ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی صفر اعشاریہ6 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت20اعشاریہ3ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت7اعشاریہ7 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح7بجکر30منٹ اور

غروب آفتاب شام5 بجکر59منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر

کشمیری زبان میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

............................................

......................

..........